بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

محدث
دہلی

جلد ۲ | ماہ اپریل سنہ ۱۹۳۵ء مطابق ماہ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۴ھ | نمبر ۱۲

NATIONAL MUSLIM UNI...
کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

مناسبات

یادگارِ مبارک

گذشتہ مہینہ میں جلالۃ الملک سلطان ابن سعود ایدہ اللہ بنصرہ کی تخت نشینی حجاز کی نویں سالگرہ مبارک منائی گئی۔ ہرچند کہ سلطان نے اس موقع پر علمائے نجد کے حکم سے رسمی زینت و مسرت کے مظاہرات نہ ہونے دئے۔ لیکن سلطان کے شاندار تذکرے اس طرح سینوں میں منقوش اور تاریخ کے صفحات میں محفوظ ہیں اور رہیں گے کہ تمام عالم اسلامی کے قلوب اس مبارک و میمون یادگار کے موقعہ پر جذباتِ مسرت و تبریک سے لبریز ہوگئے۔ سرزمین حجاز کیلئے یہ نویں سالگرہ ہے لیکن نجد کیلئے تو یہ ۳۵ ویں سالگرہ ہے جبکہ آل سعود کی کھوئی ہوئی دولت یعنی قلب جزیرۃ العرب کی حکومت سلطان ابن سعود خلد اللہ ملکہٗ کے قبضہ میں آئی۔ یاد ہوگا کہ جمادی الاولیٰ کی سنہ ۱۳۴۳ھ کی ساتویں تاریخ تھی جب سلطان مکہ مکرمہ میں فاتحانہ شان سے داخل ہوئے۔ ادھر قوت و شجاعت کی یہ حالت تھی کہ فیصل دویش کی فتنہ پردازیوں، مطیر و عجمان کے سرکش قبائل کی بغاوتوں کو شیر نیستان بنکر دبا دیا۔ اُدھر رحم و کرم کا یہ عالم تھا سنہ ۱۳۴۸ھ میں مظلوم قبائل کے پریشان بچوں اور عورتوں سے ایک نرم و منکسر المزاج انسان بنکر ہمدردی کی۔ الغرض سلطان خدا کی بھیجی ہوئی ایک غیبی طاقت تھا جس نے جزیرۂ عربیہ کی عزت رکھ لی۔ ہم اس مبارک یادگار کے موقعہ پر جلالۃ الملک کی خدمت میں جذبات مسرت کے ساتھ ہدیہ تبریک و تہنیت پیش کرتے ہیں۔ خدائے قدوس ان کو امتِ عربیہ کی حفاظت کیلئے ہمیشہ اپنی حفاظت میں رکھے۔ آمین۔

جمعیۃ الخطابہ

حسب سالہائے گذشتہ امسال بھی عید اضحیٰ کے موقعہ پر بتاریخ ۷ مارچ یکم ذی الحجہ بروز پنجشنبہ دارالحدیث رحمانیہ کی مشہور جمعیۃ الخطابہ کے ہر دو شعبہ کا مشترکہ خصوصی اجلاس زیر صدارت